بیان

# البرٹا پہلے سے بڑھ کر مستحکم: پریمیئر اسمتھ (Premier Smith)

29 مئی 2024 میڈیا استفسارات

## پریمیئر ڈینیئل اسمتھ نے درج ذیل بیان جاری کیا ہے کہ حکومت البرٹا کس طرح سے اپنے وعدوں کو کامیابی سے ہمکنار کر رہی ہے:

"یہ آج کے دن ایک سال پہلے کی بات ہے کہ البرٹا کے ووٹرز نے مینڈیٹ کے لیے مسلسل دوسری بار ہماری حکومت کا انتخاب کیا۔ پہلی اور اولین بات، میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ البرٹا کے لوگوں کی پریمیئر کے طور پر ان کی خدمت کر سکنے کے قابل ہونا میرے لیے سرمایہ حیات اور ایک اعزاز ہے۔ میں یہ بتاتے ہوئے کوئی مبالغہ آرائی نہیں کر سکتی کہ مجھے اس خوبصورت صوبے اور اسے اپنا گھر کہنے والے لوگوں پر کس قدر فخر ہے۔ پچھلے 12 مہینوں کے دوران، ہماری حکومت نے پچھلے انتخابات میں البرٹا کے لوگوں کے ساتھ کیے گئے بہت سے وعدوں کو پورا کرنے کے لیے سخت محنت کی ہے۔ مجھے یہ کہتے ہوئے بے حد خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ حکومتی MLAs، کابینہ کے وزراء اور عوامی خدمت کی ایک شاندار صوبائی ٹیم کے ساتھ، ہم البرٹا ایڈوانٹیج (Alberta Advantage) کو نئی بلندیوں سے ہمکنار کرنے کے اپنے مینڈیٹ پر پورا اترنے میں مصروف عمل رہے ہیں اور یقینی بنا رہے ہیں کہ یہ صوبہ رہنے، کام کرنے، سرمایہ کاری اور ایک خاندان کی پرورش کرنے کے لیے بہترین جگہ بنا رہے۔

"بطور پریمیئر، میں ہمیشہ البرٹا اور البرٹا کے لوگوں کے لیے جدوجہد کروں گی۔ ہماری حکومت فیڈرل کاربن ٹیکس کی مخالفت کرنا جاری رکھے ہوئے ہے اور ایسی پالیسیاں نافذ کی ہیں جنہوں نے کینیڈا بھر میں اخراجات زندگی کے اس بحران کے دوران البرٹا کے لوگوں کو حقیقی ریلیف فراہم کیا ہے۔ 2023 کے آخر تک، ایندھن پر ٹیکس کی چھوٹ کو بڑھانا، البرٹا کے لوگوں کو 2$ بلین سے زیادہ کی بچت کا موقع دینا اور ٹیکس کے تمام درجات کی اشاریہ بندی کرنا، تاکہ البرٹا کے محنتی لوگ اپنی کمائی کی زیادہ رقم خود رکھ سکیں۔ ہم یہ بھی یقینی بنا رہے ہیں کہ البرٹا کے بزرگ شہری رجسٹری کی سروسز پر بزرگوں کے لیے 25 فیصد رعایت سے استفادہ حاصل کر کے بہتر انداز میں اپنی مطلوبہ سروسز کی استطاعت قائم رکھ سکیں۔

"اخراج میں کمی کی ٹیکنالوجیز میں البرٹا اب بھی ایک قابل اعتماد رہنما ہے اور اسے دنیا کی کچھ پیچیدہ ترین توانائی کی ضروریات کا ازالہ کرنے کے لیے جانا جاتا ہے۔ ہمارے البرٹا پیٹرو کیمیکلز کے ترغیبی پروگرام کی کامیابی کو بتدریج آگے بڑھاتے ہوئے، ہم نے نئے کاربن کیپچر، استعمال اور ذخیرہ کرنے کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی میں مدد اور اس میں تیزی لانے کے لیے ایک البرٹا کاربن کیپچر انسینٹیو پروگرام متعارف کروایا ہے۔ اس سے البرٹا کو ایک کم کاربن کے حامل مستقبل کی طرف پیش رفت کرنے اور ہماری متنوع معیشت میں مزید ملازمتیں پیدا کرنے میں مدد ملے گی۔

"کینیڈا کے معاشی اور ملازمتیں تخلیق کرنے والے انجن کے طور پر، البرٹا، ملک میں سب سے کم ٹیکس ماحول اور سب سے زیادہ کاروبار دوست پالیسیوں کو فروغ دیتا ہے۔ دسمبر 2023 میں، ہم نے البرٹا کے ٹیکسز کو کم رکھنے کے لیے *ٹیکس پیئر پروٹیکشن ایکٹ* کو وسعت دی اور یہ یقینی بنایا کہ آئندہ کوئی بھی حکومت ریفرنڈم میں، البرٹا کے لوگوں سے منظوری لیے بغیر ذاتی یا کاروباری ٹیکسز میں اضافہ نہ کر سکے۔

"اس سال کے آغاز میں، ہم نے بلند شرح پر البرٹا کالنگ موونگ بونس بھی متعارف کروایا تھا جس کے لیے ہم نے مہم چلائی تھی۔ یہ یک-بار، 5,000$ کا قابل واپسی ٹیکس کریڈٹ صوبے سے باہر کے کارکنان کو اہل، اعلیٰ طلب والے مہارتوں کے شعبہ جات کی ملازمتوں میں کیریئر بنانے کی جانب راغب کرنے میں مدد دے گا۔ ہماری متنوع معیشت کا مطلب ہے کہ ہر صنعت میں البرٹا کے لوگوں کے لیے زیادہ مواقع موجود ہوں۔ اس میں ہماری سیاحت کی صنعت شامل ہے اور ہم نے سیاحت کی ایک نئی حکمت عملی جاری کی ہے، جس سے البرٹا کی سیاحتی معیشت کو 2035 تک 25$ بلین کے ہدف تک بڑھانے میں مدد ملے گی۔ ان کوششوں کے حصے کے طور پر، ہم کیلگری میں عالمی معیار کے میدان اور تفریحی ڈسٹرکٹ کے لیے معاون انفراسٹرکچر بنانے کے لیے شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں۔

"جب فرسٹ نیشنز اور میٹیس کے اینٹرپرینئورز کامیاب ہوتے ہیں، تو ان کی کمیونٹیز بھی پھلتی پھولتی ہیں۔ مقامی لوگوں کو اس خوشحالی میں لازماً ہمارا شراکت دار ہونا چاہیے اور اسی وجہ سے، ہم نے البرٹا انڈیجینس اپرچیونٹیز کارپوریشن کی قرض کی ضمانت کی صلاحیت کو 3$ بلین تک بڑھا دیا ہے۔ ہم نے 2024-25 کے مالی سال کے لیے ایبوریجنل بزنس انویسٹمنٹ فنڈ کو سالانہ 10$ ملین تک وسعت دی ہے تاکہ مقامی کمیونٹی کی ملکیت والے کاروبار کو سماجی و اقتصادی نتائج کو بہتر بنانے کے لیے کاروباری ترقی کے مواقع سے مستفید ہو سکنے میں مدد مل سکے۔

"البرٹا کے شہروں، خاص طور پر ہمارے شہر کے مرکزی حصے میں مستقل اور بدتر ہوتے جرائم، ایک بڑا مسئلہ ہیں۔ اس مسئلے کا ازالہ کرنے میں مدد کے لیے، ہماری حکومت نے ایڈمنٹن اور کیلگری میں 100 پولیس افسران کے لیے فنڈز فراہم کیے ہیں، جن میں سے اب تک 50 تعینات ہو چکے ہیں۔ ہم نے ایڈمنٹن میں ایک انتہائی کامیاب نیویگیشن اور سپورٹ سنٹر بھی کھولا ہے تاکہ سب سے زیادہ زد پذیر افراد کو ان کی ضرورت کی مدد تک بہتر رسائی حاصل ہو سکے، آیا حکومت کی طرف سے جاری کردہ آئی ڈی حاصل کرنے کی سہولت، رہائش تک رسائی، چوٹ کی دیکھ بھال، ذہنی صحت اور نشے کے متعلق اعانت اور اپنے خاندانوں کے ساتھ دوبارہ مربوط ہونا ہے۔ ہم نے منظم جرائم، چائلڈ پورنوگرافی، بندوق کے تشدد اور منشیات کی اسمگلنگ سے نمٹنے کے لیے 2023 میں البرٹا لاء انفورسمنٹ رسپانس ٹیم کے لیے فنڈز میں اضافہ کیا ہے۔ ہماری حکومت نے اعلٰی خطرے کے حامل اور ضمانت پر رہا دوبارہ جرم کا ارتکاب کرنے والوں کے لیے ٹخنوں کے بریسلیٹ کا پروگرام متعارف کروانے کے لیے قانون سازی بھی کی ہے، تاکہ البرٹا کے لوگوں کا تحفظ کیا جائے جہاں وفاقی حکومت کی پالیسیاں ناکام ہو چکی ہیں۔

"البرٹا میں عالمی معیار کا نظام تعلیم ہے جو آنے والی نسلوں کو کامیابی کے لیے تیار کر رہا ہے۔ اس کامیابی کو یقینی بنانے کے لیے، ہم نے آٹزم اور دیگر پیچیدہ ضروریات کے حامل بچوں کی ٹیسٹنگ اور تعلیمی معاونت کے لیے اضافی فنڈنگ کا عزم کیا ہے۔ ہم نے دوہری کریڈٹ پروگرامنگ اور کیرئیر اور ٹیکنالوجی کی تعلیم کو بھی آگے بڑھایا ہے تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ طلباء کیریئر کے راستے دریافت کر سکیں اور بعد از ثانوی تعلیم میں خود کو بامعنی طور پر ڈھال سکیں۔ ہم ہنرمندی کے شعبہ جات کو فروغ دینے اور یہ یقینی بنانے کے لیے اپنی کوششوں میں آگے بڑھ رہے ہیں کہ البرٹا کے لوگ اپنے لیے دستیاب مواقع کے بارے میں جانتے اور ان تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس مقصد کے حصول کے لیے، ہم اعلٰی طلب والے پروگراموں میں نئی نشستوں کا اضافہ کرنا جاری رکھے ہوئے ہیں، جن میں البرٹا کے 11 بعد از سیکنڈری اداروں میں 3,200 نئی اپرنٹس شپ سیٹیں شامل کرنا اور اس کے ساتھ ان کی تعلیمی جگہوں کو بڑھانے اور

ان میں بہتری لانے کے لیے فنڈنگ فراہم کرنا ہے۔ ابھی حال ہی میں، ہم نے ریڈ ڈیئر پولی ٹیکنیک کی CIM-TAC سہولت گاہ اور NAIT ایڈوانسڈ اسکلز سینٹر کے لیے پلاننگ ورک کی خاطر مالی اعانت فراہم کی ہے۔ کریئیرز۔ ایک بڑھتی ہوئی معیشت کے لیے ٹریڈز اہم ہیں اور ہماری حکومت لیبر فورس کے تقاضوں کے ساتھ ان مہارتوں کی ترقی کے لیے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے جو ہم کر سکتے ہیں، بشمول اپرنٹس شپ کی تربیت فراہم کرنے کے لیے بین الاقوامی یونین آف آپریٹنگ انجینئرز لوکل 955 کے ساتھ ایک تاریخی شراکت داری کا قیام۔

"ہمارے صوبے کے ہر کونے میں زندگی کے اعلیٰ معیار کو یقینی بنانے کے لیے البرٹا کے لوگوں کی صحت اور بہبود از حد ضروری ہے۔ اسی وجہ سے ہم ایک مضبوط، مستحکم صحت عامہ کے نظام کے لیے پرعزم ہیں جو ہر ایک کے لیے کام کرتا ہو۔ گزشتہ سال کے دوران، ہم نے اعلیٰ معیار کی نگہداشت صحت تک رسائی کو بہتر بنانے کے لیے بہت بڑے اقدامات کیے ہیں۔ ہم نے ایک نرس پریکٹیشنر ماڈل کا نفاذ کیا ہے تاکہ البرٹا کے زیادہ سے زیادہ لوگوں کے لیے بنیادی نگہداشت فراہم کننده میسر ہو جس کی انہیں ضرورت ہے، اور ہم نے فیملی فزیشنز کے لیے نئے فنڈنگ ماڈل کے تئیں کام کرنے کے لیے ایک معاہدے کا اعلان کیا ہے۔ مزید برآں، ہماری حکومت نے مزید بیماریوں اور حالات کی جانچ کے لیے نوزائیده بچوں کی اسکریننگ کو بھی وسعت دی ہے اور صوبے بھر میں مڈوائفری حکمت عملی کی ترقی کے لیے 10$ ملین مختص کیے ہیں۔ ہم اگلے دو سالوں میں البرٹا ویمن ہیلتھ فاؤنڈیشن لیگیسی گرانٹ کو 10$ ملین اور خواتین کی صحت کی تحقیق کے لیے کیلگری ہیلتھ فاؤنڈیشن کو اضافی 10$ ملین بھی فراہم کر رہے ہیں۔

"ہم نشے کی لت کے سلسلے میں جاری سہولت کے بجائے بحالی پر مبنی ماڈل بنانا جاری رکھے ہوئے ہیں۔ اس کام کی معاونت کرنے کے لیے، ہماری حکومت نے ذہنی صحت اور نشے کی لت کے علاج کو وسعت دینے کے لیے 1.55$ بلین مختص کیے ہیں، بشمول نوجوانوں، فرسٹ نیشنز، میٹیس اور انوئیٹ کمیونٹیز کے لیے سروسز اور ذہنی صحت اور نشے کی لت کے علاج کی سہولیات میں سرمایہ کاری۔ پچھلے سال کے دوران، ہم نے 11 عالمی معیار کی بحالی کی کمیونٹیز میں سے پہلی دو کو کھولا ہے تاکہ زیادہ لوگوں کو بحالی کا موقع فراہم کیا جا سکے۔ یہ سرمایہ کاریاں البرٹا میں موجود خاندانوں اور کمیونٹیز کو صحت مند اور محفوظ رکھنے کے لیے اہم ہے۔

"صحت مند اور محفوظ خاندانوں اور کمیونٹیز کی مدد کرنے کا عمل ہم سے یہ تقاضا بھی کرتا ہے کہ ہم صنفی بنیاد پر تشدد کے خاتمے کے لیے مصروف عمل رہیں اور اس سے متاثرہ افراد کی مدد کریں۔ ہم اس کے لیے پرعزم ہیں اور البرٹا میں خواتین کی ہنگامی پناہ گاہوں کے لیے اضافی 10$ ملین مختص کیے ہیں، جس میں مزید بیڈز اور فنڈ کی جگہیں شامل کرنے کے لیے 5$ ملین بھی شامل ہیں جہاں فی الوقت عملہ موجود نہیں ہے۔ ہم نے اگلے تین سالوں میں پورے صوبے میں جنسی حملوں سے متعلق مراکز کی مدد کے لیے 10$ ملین کا وعدہ بھی کیا ہے۔

"ہم البرٹا کے خاندانوں اور کمیونٹیز کو اس سال کی جنگل کی آگ سے محفوظ رکھنے کے لیے بھی انتھک محنت کر رہے ہیں۔ نئی سرمایہ کاری سے مراد جنگل کی آگ کے شعبہ میں اضافی اہلکاروں اور عملے کے ساتھ، زیادہ ٹیکنالوجی اور آلات ہیں، بشمول نئے نائٹ ویژن ہیلی کاپٹر تاکہ ہم رات کے وقت جنگل کی آگ سے لڑ سکیں، جب ٹھنڈا یا کم درجہ حرارت ہمارے حق میں ہو۔ ہماری حکومت ان تمام حیرت انگیز وائلڈ لینڈ فائر فائٹرز کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے جو مسلسل بہترین کام کر رہے ہیں۔ جب کہ ہم مسلسل جاری حالات کے متعلق امید افزا رہتے ہیں جو ہماری وائلڈ فائر ٹیموں کو فائدہ دے گی، ہم آگ بجھانے کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو سپورٹ کرنے کے لیے تیار ہیں اور ہم اپنے وعدوں میں کوئی پس و پیش نہیں کریں گے۔

"اگرچہ ہماری حکومت نے بہت کم وقت میں بہت کچھ کر دکھایا ہے، لیکن ابھی بہت سارا کام کرنا باقی ہے۔ ہم البرٹا اور البرٹا کے لوگوں کے لیے اس کام کو انجام دینے کے بیتابی سے منتظر ہیں۔ میں اس صوبے میں موجود مواقع اور جو کچھ مستقبل میں دکھائی دیتا ہے، سے تحریک و تقویت یافتہ ہوں۔ ساتھ مل کر، ہم البرٹا کی کہانی کا ایک نیا باب لکھ رہے ہیں۔ یہ ایک ایسی کہانی ہے جس کی گونج پورے ملک اور دنیا بھر میں سنائی دینا جاری رہتی ہے۔ اگرچہ ہماری حکومت کو پوڈیمز اور میٹنگ رومز میں، یہ کہانی سنانے کا ایک منفرد اعزاز حاصل ہے، یہ بالآخر البرٹا کے خاندانوں، کارکنان اور کاروباری ادارے ہیں، جو اس کہانی کے مندرجات فراہم کرنے میں مدد کر رہے ہیں۔"

## میڈیا استفسارات


### سیم بلیکٹ (Sam Blackett)

587-589-6048
پریس سیکرٹری، دفتر برائے پریمیئر